بسم اللہ الرحمن الرحیم

شعبہ ء تعلیم لجنہ اماءاللہ یو کے

تعلیمی نصاب برائے ماہ مئی 2024

1۔ قرآن کریم سورۃ الانفطار (سورۃ 82)

سورۃ الانفطار۔ سورۃ 82 آیات 6 سے 15، کی تفسیر پڑھیں۔

ذرائع۔

تفسیر کبیر جلد 11, صفحہ 362

https://www.alislam.org/urdu/pdf/Tafsir-e-Kabir-Vol-11.pdf

2۔ قرآن کریم کے احکامات

قرآن کریم کے درج ذیل حکم پر غور کریں۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

اُعۡبُدُوۡا رَبَّکُمۡ

ترجمہ: اپنے رب کی عبادت کرو۔ (سورۃ البقرہ آیت 22)

- اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا پہلا حکم ہے جو قرآن کریم میں دیا گیا ہے۔ اس کی تفسیر عبادت کا کیا مقصد بیان کرتی ہے اور عبادت کی تکمیل کیسے کی جاسکتی ہے۔
- اس سے کیا مراد ہے کہ "تاکہ تم متقی بنو" اس آیت میں ہمیں اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط کرنے کی کیا تعلیم دی گئی ہے۔ یعنی کامل عبادت کامل تعلق کو چاہتی ہے۔

ذرائع:

تفسیر کبیر جلد اول۔ سورۃ فاتحہ و سورۃ البقرۃ رکوع ا تا ۵

3۔ اللہ تعالیٰ کی صفات

- اللہ تعالیٰ کی صفت "الرَبّ" (پالنے والا) پر روشنی ڈالیں۔
- پیارے آقا حضرت امیر المؤمنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ اللہ تعالیٰ کی صفت الرَبّ پر سنیں۔
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کس طرح لفظ الرَبّ کو بیان فرمایا ہے۔ جب ہم اس صفاتِ باری تعالیٰ پر غور کرتے ہیں تو اپنے خالق کے ساتھ کس طرح مضبوط تر تعلق قائم کر سکتے ہیں؟

ذرائع:

لجنہ اماءاللہ تعلیم سلیبس۔ صفحہ نمبر 43

https://lajna.org.uk/wp-content/uploads/2024/05/taleem-syllabus-february-2024-january-2026.pdf

4۔ اقامۃ الصلوٰۃ۔ نماز قائم کرنا۔

نماز کی اہمیت اور نماز کے قیام کو گہرائی سے سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ہم پر نماز کا حقیقی مفہوم واضح ہو۔

- غور کریں کہ اقامۃ الصلوٰۃ کا حقیقی مفہوم کیا بیان کیا گیا ہے؟
- ہم اپنی نماز کی تکمیل کس طرح کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں؟

ذرائع:

لجنہ اماءاللہ تعلیم سلیبس۔ صفحہ نمبر 52 تا 55

https://lajna.org.uk/wp-content/uploads/2024/05/taleem-syllabus-february-2024-january-2026.pdf

5۔ ورک شاپ: خلافت کی برکات

27 مئی کو خلافتِ احمدیہ کے بابرکت دور کا آغاز ہوا۔ اس ماہ اپنی ورک شاپ میں درج ذیل نکات پر روشنی ڈالیں، اور اس کی اہمیت کو سمجھیں۔

- خلافت کی برکات اور اس کے لئے ہماری ذمہ داریاں۔
- کس طرح ہم اپنا تعلق خلافت کے ساتھ مزید مضبوط کر سکتے ہیں۔

ذرائع:

خطبہ جمعہ 27 مئی 2016۔ خلافتِ احمدیہ

https://www.alislam.org/friday-sermon/2016-05-27.html

6۔اسلامی اصول کی فلاسفی

اسلامی اصول کی فلاسفی کا مطالعہ جاری رکھتے ہوئے درج ذیل سوالات پر غور کریں۔

- انسانی اصلاح کے تین طریقے کیا ہیں؟
- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اعلیٰ ترین اخلاقی معیار

https://www.alislam.org/library/books/Philosophy-of-Teachings-of-Islam.pdf
https://www.alislam.org/articles/philosophy-teachings-islam-study-guide/



click to read